Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۹ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۲ ربیع الاوّل ۱۳۵۵ھ مطابق ۱۳ جون ۱۹۳۶ء جلد ۶

حصہ اوّل

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	ہدایت بنسبت اطلاع (قبل از پندرہ یوم) ختم مدت امتحانی ملازمان غیر مستقل	۲
۲	منظوری ایزادی عبارت تحت دفعہ (۱۰) ضمن (۱) حرف ب قانون اسٹامپ	″
۳	منظوری رخصت منشی وجیہ اللہ خاں نائب ناظم (برائے ٹرینینگ ج)	″
۴	″ مستقلی افسران فرسٹ رامپور رضا انفنٹری	۳

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

۵	منظوری رخصت منشی محمود شاہ بیگ سینیر سپرنٹنڈنٹ فائنانس آفس	۳

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار:۔ (مسوری) واقع ۵ر جون ۱۹۲۶ء

اکثر ملاحظہ ہوتا ہے کہ جو اشخاص غیر مستقل یا عارضی ملازم رکھے جاتے ہیں یا ملازمان کو عارضی تعیین میعاد ترقی دیجاتی ہے یہ مدت ختم ہو جاتی ہے اس کے بعد توسیع یا مستقلی کے احکام جاری ہوتے ہیں۔ آیندہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ اجلاس ہمایوں اسٹیٹ کونسل۔ عالیمرتبت منسٹر صاحبان بہادر سکریٹری صاحبان بہادر اور افسران صیغہ جہاں سے بھی یہ احکام متعلق ہوں وہاں ختم مدت سے کم از کم پندرہ روز قبل رپورٹ پیش کر دیجائے۔ تاکہ قبل از ختم مدت احکام جاری ہو جائیں۔ ورنہ فائننس سے تنخواہ منہا کر دیجائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے کارروائی اجرائے احکام عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہو۔ ایک ایک نقل عالیمرتبت منسٹر صاحبان بہادر کے پاس بھیجی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حسب منشا حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۱۰ر جون ۱۹۲۶ء

دستخط عالیجناب حبیب ...

روبکار:۔ (مسوری) واقع ۹ر جون ۱۹۲۶ء

کاغذات مسلکہ ملاحظہ ہوئے حسب سند عارضی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر تحت دفعہ ۱۰ ضمن ۱ حرف ب۔ قانون اسٹامپ ریاست رامپور بجائے قاعدہ منظور شدہ سابق قاعدہ ذیل کی منظوری دیجاتی ہے۔

"جب دستاویزی اسٹامپ کا ٹکٹ زیادہ قیمت کا دستیاب نہو تو دستی بجائے کورٹ فیس کے ٹکٹ کا استعمال جائز ہوگا"

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہو ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حسب منشا حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو اور دو نقل مسلکہ کی عبارت کی نقل ریونیو ڈپارٹمنٹ کو برائے کارروائی بھیجی جائے

۱۰ر جون ۱۹۲۶ء دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:۔ (مسوری) واقع ۹ر جون ۱۹۲۶ء

بموجب رپورٹ منشی وجیہ اللہ خاں صاحب ناظم کی رخصت چار ماہ مع تنخواہ پیشگی برائے ادائیگی فریضہ حج یوم ... سے بصورت خاص منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی

عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہ ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض　　　میرساند

جنابعالی

منشی وحید اللہ خاں صاحب ناظم برائے ادائیگی فریضہ حج ۱۲ رجنوری ۱۹۳۶ء سے چار ماہ کی رخصت مع تنخواہ پیشگی کے خواستگار ہیں چونکہ ان کی مدت ملازمت ابھی چند سال کی نہیں ہوئی ہے۔ جو رخصت حج کے لئے ضروری ہے البتہ بموجب استحقاق مصدقہ اکاؤنٹ آفس ان کو تین ماہ کی رعایتی رخصت کا حق حاصل ہے۔ لہذا کونسل نے جلسہ منعقدہ ۳۰ رمئی ۱۹۳۶ء میں بصورت خاص چار ماہ کی رخصت رعایتی مع تنخواہ پیشگی ایام رخصت سے اتفاق کیا ہے۔ جو دوسروں کے لئے نظیر نہ ہوگی۔

بنابرآں ترتنخواہ مستدعی ہے کہ بندگان عالی سے چار ماہ کی رخصت مع تنخواہ پیشگی ایام رخصت کی منظوری کا حکم بصورت خاص شرف نفاذ پائے۔ انتظام کار کے متعلق مستفادہ رخصت سے قبل کارروائی عمل میں آئیگی۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

حسب منشاء حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۱۰ رجون ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:۔ (مسودی)　　واقع ۱۰ رجون ۱۹۳۶ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے جب استدعائے عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مفصلہ تحت افسران فورسٹ رامپور رضا انفنٹری کو تاریخ ختم مدت امتحانی سے مستقل کیا جانا منظور رہے۔

(۱) کپتان سید خوشنود احمد۔ (۲) لفٹنٹ کوارٹر ماسٹر حمید اللہ خاں (۳) سکنڈ لفٹنٹ منظور حسن خاں (۴) سکنڈ لفٹنٹ شریف الحسن خاں

اپریل میں ان افسران کی مدت امتحانی ختم ہوئی ہے۔ بسرتبہ اس قدر تاخیر سے کاغذات پیش ہونے کو نظر انداز کیا جاتا ہے آئندہ سے روبکار مصدرہ ۲ رجون ۱۹۳۶ء کا لحاظ رکھا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجراء احکام عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہ ہو۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حسب منشاء حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ آرمی ہیڈ کوارٹر سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ لہذا اجرائے احکام کاغذات ہذا آرمی ہیڈ کوارٹرز کو مرسلہ ہوں۔ ۱۱ رجون ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل

(مورخہ ۱۱ جون ۱۹۳۶ء)

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ جون ۱۹۳۶ء میں تجویز عالیجناب صاحب فنانس منسٹر بہادر بابت منظوری رخصت رعایتی بارہ ۱۲ یوم منشی محمد شاہ بیگ سپرنٹنڈنٹ فنانس آفس مشاہرہ ۱۱۰ ایکسو دس روپیہ از ۱۷ مئی تا ۲۸ مئی ۱۹۳۶ء پیش ہو کر واضح ہوا کہ نامبردہ نے اول سلسلہ علالت ۱۰ مئی ۱۹۳۶ء سے ۱۳ مئی ۱۹۳۶ء تک چار یوم کی اتفاقیہ رخصت حاصل کی اسکے بعد ۱۷ تا ۲۸ مئی ۱۹۳۶ء (بارہ یوم) کی رخصت رعایتی کی استدعا کی پیش ہو کر طے پایا کہ۔

چونکہ رخصت رعایتی سے رخصت اتفاقیہ نہیں ملسکتی لہذا حسب استحقاق بارہ یوم کی رخصت رعایتی از ۱۷ تا ۲۸ مئی ۱۹۳۶ء منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایکنقل درج گزٹ ہو

(دستخط عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکرٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)